**AQF / Fazil**

**14-08-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ............................... نتیکا تیاگی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 80 ویں یومِ آزادی سے قبل آج شام ملک کے لوگوں سے خطاب کریں گی۔

2- آج ملک کی تقسیم کی ہولناکی کی یاد کا دن منایا جا رہا ہے۔

3- دلّی سرکار نے، فائر سروِسز اور جیل محکمے میں سابق اگنی ویروں کیلئے 20 فیصد کوٹے کی منظوری دی ہے اور عمر کی حد میں رعایت دی گئی ہے۔

4- اتراکھنڈ کے چمولی ضلعے میں، زیرِتعمیر ٹنل میں پانی کے رساؤ اور چٹانوں کے ٹکڑے گرنے کے واقعے میں 7 کارکنوں کی موت ہو گئی، جبکہ 14 زخمی ہوئے۔

5- اور کینیڈا اوپن ٹینس میں، Iga Swiatek نے Elena Rybakina کو ہراکرخواتین سنگلز کا ٹائٹل جیت لیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

**PREZ-ADDRESS**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 80 ویں یومِ آزادی سے قبل آج شام ملک کے لوگوں سے خطاب کریں گی۔ صدر جمہوریہ کا یہ خطاب آکاشوانی کے پورے قومی نیٹ ورک پر شام 7 بجے سے نشر کیا جائے گا۔ دوردرشن کے سبھی چینلوں پر پہلے یہ خطاب ہندی میں ٹیلی کاسٹ کیا جائے گا اور اس کے بعد انگریزی میں ہوگا۔ دوردرشن پر ہندی اور انگریزی میں اس خطاب کے ٹیلی کاسٹ کے بعد دوردرشن کے علاقائی چینلوں پر اسے علاقائی زبانوں میں نشر کیا جائے گا۔ اِدھر آکاشوانی سے بھی صدر جمہوریہ کا یہ خطاب متعلقہ علاقائی نیٹ ورک پر رات ساڑھے نو بجے علاقائی زبانوں میں نشر کیا جائے گا۔×

**PARTITION HORRORS REMEMBRANCE DAY**

آج ملک کی تقسیم کی ہولناکی کی یاد کا دن ہے۔ آج اُن سبھی لوگوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا جا رہا ہے، جنہوں نے

1947 میں ملک کی تقسیم کے دوران ناقابلِ تصور دُکھ اور تکلیف کا سامنا کیا اور اپنی جان قربان کر دی۔

پیش ہے ایک رپورٹ ۔ V/C - Anupam Mishra

تقسیم کی ہولناکی کو یاد کرنے کے دن کے موقع پر قومی راجدھانی سمیت ملک بھر میں مختلف پروگرام منعقد کئے جارہے ہیں۔ ملک کی تقسیم کے سبب اپنی جان گنوانے والے اور اپنے آبائی وطن سے بے گھر ہوئے لوگوں کوخراج عقیدت پیش کرنے اور اُن کی قربانیوں کو یاد کرنے کیلیے حکومت نے سال 2021 میں، ہر سال 14 اگست کو یہ دن منانے کا فیصلہ کیا تھا۔ یہ دن اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ آئندہ نسلیں، آزاد بھارت کے وجود میں آنے کے وقت ہوئے تشدد کے دوران لوگوں کے درد اور مشکلات کو یاد رکھیں۔ آج کا دن لوگوں کو معاشرتی تقسیم و انتشار کے زہر کوختم کرنے اور یکجہتی، سماجی ہم آہنگی اور لوگوں کو بااختیار بنانے کے جذبے کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت کی یاد دلاتا ہے۔ ملک کی تقسیم کے سبب انسانی تاریخ کی سب سے بڑی نقل مکانی ہوئی، جس سے تقریباً 20 ملین لوگ متاثر ہوئے۔ آزادی کا جشن مناکر ملک، اُن لوگوں کو بھی سلام پیش کررہا ہے، جنہوں نے تشدد کے دوران اپنی جانیں قربان کردیں۔

دلّی سے انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں......

## PM-PARTITION DAY

تقسیم کی ہولناکیوں کو یاد کرنے کے دن کے موقع پر وزیراعظم نریندر مودی نے، اُن لوگوں کی ہمت و حوصلے کو یاد کیا، جو ملک کی تقسیم سے متاثر ہوئے تھے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے ملک کی تقسیم کو تاریخ کا ایک ایسا لمحہ قرار دیا، جس سے لوگوں کی زندگیاں بکھر گئیں، خاندان اُجڑ گئے، لوگوں نے اپنے عزیزوں کو کھودیا اور انتہائی مشکلات کا سامنا کیا۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ اس کے ساتھ ہی لوگوں نے اِس مشکل کو برداشت کیا اور اپنی زندگی نئے سِرے سے شروع کی، سختیوں کو کامیابی میں بدلا اور ملک کی ترقی میں بے پناہ تعاون پیش کیا۔×

## BHOPAL TRICOLOUR RAILY

وزیر اعظم نریندر مودی کی ہر گھر ترنگا مہم کے تحت آج بھوپال میں ایک بڑی ترنگا ریلی کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ یہ ریلی صبح 10 بجے Kolar Six-Lane Road سے شروع ہوگی اور تقریباً 32 کلو میٹر کا فاصلہ طے کرتے ہوئے سنت نگر میں ختم ہوگی۔ اس ریلی میں ایک لاکھ سے زیادہ لوگوں کے شامل ہونے کی امید ہے۔ وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو اور BJP کے ریاستی صدر ہیمنت کھنڈیلوال بھی اس ریلی میں شرکت کریں گے۔ بارش کے امکان کے مدِنظر ریلی کیلئے انتظامات کیے گئے

ہیں۔ Chuna Bhatti سمیت کئی مقامات پر سیلفی پوائنٹ بھی بنائے گئے ہیں۔ اِن مقامات کے ذریعے منشیات کی لعنت کے خلاف نوجوانوں میں بیداری پیدا کرنے کے پیغامات کی تشہیر کی جائے گی۔×

**I DAY-DELHI METRO**

کل یوم آزادی پر دلّی میٹرو کی خدمات پورے نیٹ ورک پر سبھی ٹرمنل اسٹیشنوں سے صبح سویرے چار بجے شروع ہوجائیں گی۔ دلّی میٹرو ریل کارپوریشن DMRC نے کہا ہے کہ یومِ آزادی تقریبات میں شرکت کرنے والے خصوصی مہمانوں، مدعو کئے گئے افراد اور عام لوگوں کی سہولت کی خاطر یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ DMRC نے یہ بھی کہا ہے کہ معمول کی خدمات شروع ہونے تک، سبھی لائنوں پر میٹرو خدمات آدھے گھنٹے کے وقفے سے چلیں گی۔×

**DELHI-EX AGNIVEERS**

دلّی سرکار نے، فائر سروِسز کے شعبے میں، فائر آپریٹر عہدوں اور جیل کے محکمے میں وارڈن اور Matron عہدوں پر سیدھے بھرتی میں سابق اگنی ویروں کیلئے 20 فیصد ریزرویشن کی منظوری دی ہے۔ امورِ داخلہ کے محکمے کے حکم میں اہل امیدواروں کیلئے عمر کی حد میں رعایت بھی دی گئی ہے۔ یہ قدم سابق اگنی ویروں کی بازآبادکاری کی مرکزی سرکار کی پالیسی کے عین مطابق ہے۔ امورِ داخلہ کی مرکزی وزارت نے سابق اگنی ویروں کیلئے پہلے ہی جنرل ڈیوٹی پر کام کرنے والے کانسٹبل اور سبھی مرکزی مسلح پولیس فورسز نیز آسام رائفلز میں Rifleman سطح پر 50 فیصد عہدے ریزور کر دیے ہیں۔×

**IAF COMBAT**

گوالیار میں Tactics and Air Combat Development Establishment میں اسکواڈرن لیڈر بھاونا کنٹھ نے فائٹر Combat لیڈر کے طور پر کوالیفائی کیا ہے۔ اس طرح انھوں نے بھارتی فضائیہ کی پہلی خاتون افسر بن کر تاریخ رقم کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں بھارتی فضائیہ نے کہا کہ یہ ایک تاریخی کامیابی ہے، جس سے پیشہ ورانہ مہارت جنگی سمجھ بوجھ اور لیڈرس کی حوصلہ افزائی کے تئیں فضائیہ کے عزم کا اظہار ہوتا ہے۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**UTTRAKHAND TUNNEL**

اتراکھنڈ کے چمولی ضلع میں، ایک پَن بجلی پروجیکٹ کے مقام پر زیرتعمیر ٹنل میں پانی کے رساؤ اور چٹانوں کے

ٹکڑے گرنے کے واقعے میں 7 کارکنوں کی موت ہو گئی، جبکہ 14 زخمی ہوئے۔ نزدیک کے اسپتال میں زخمیوں کا علاج کیا جا رہا ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ یہ واقعہ Pipalkoti علاقے میں ٹہری ہائیڈرو ڈولپمنٹ کارپوریشن پروجیکٹ مقام پر پیش آیا۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V/C - Sakshi**

*اس حادثے کی اطلاع ملتے ہی ضلع انتظامیہ، پولیس، SDRF، NDRF، فائر سروس اور طبّی محکمے کی ٹیمیں وہاں پہنچ گئیں۔ چمولی کے ضلع مجسٹریٹ گورَو کمار نے وہاں بچاؤ کارروائی کی نگرانی کی۔ زخمی کارکنوں کو گوپیشور کے ضلع اسپتال میں داخل کرا دیا گیا ہے۔ اِدھر ریاست کے وزیر اعلیٰ پُشکر سنگھ دھامی نے کل رات دیر گئے دہرادون میں ریاست کے ایمرجنسی آپریشنز مرکز میں راحت اور بچاؤ کارروائیوں کا جائزہ لیا۔*

***S/B - CM Dhami***

*جناب دھامی نے کہا کہ متاثرہ کارکنوں کے کنبوں کو ہر ممکن امداد فراہم کی جائے گی۔*
*دہرادون سے ساکشی سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**ODISHA-FLOOD**

ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ بننے کے تناظر میں، اُڈیشہ میں لگاتار بارش ہونے سے بڑے دریاؤں میں طغیانی آ گئی ہے اور شمالی ضلعوں میں بیترنی اور بوڑھا بالنگا دریاؤں سے پھر سے سیلاب کا خطرہ پیدا ہو گیا ہے۔ بھدرک میں، بیترنی دریا خطرے کے نشان کو پار کر گیا ہے، جس سے نچلے علاقوں میں پانی بھر گیا ہے اور Bhandaripokhari میں کئی گاؤں پانی سے گِھر گئے ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ حکام سیلاب کی صورتحال مزید خراب ہونے کے اندیشے کے تناظر میں ضروری اقدامات کر رہے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V/C Prakash Dash**

*اُڈیشہ میں کئی مقامات پر لگاتار بارش ہونے سے سیلاب کی صورتحال سنگین ہو گئی ہے۔ ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ بننے کے زیر اثر وہاں بارش ہو رہی ہے۔ کئی نچلے علاقوں میں پانی بھر گیا ہے۔ Keonjhar ضلعے میں آنند پور کے مقام پر بھی بیترنی دریا خطرے کے نشان سے اوپر بہہ رہا ہے۔ اس تناظر میں حکام نے آس پاس کے قصبوں اور گاؤں کے لوگوں کو چوکس کر دیا ہے اور لوگوں سے کہا گیا ہے کہ وہ محفوظ مقامات پر چلے جائیں۔ Champua میں سیلاب کے پانی سے ایک پُل بہہ گیا ہے، جس سے سڑک رابطے میں رکاوٹ پڑ گئی ہے۔ بوڑھا بالنگا دریا میں پانی چڑھنے کی وجہ*

سے میورگنج اور بالاسور ضلعے کے نچلے علاقوں کیلئے خطرہ پیدا ہو گیا ہے۔
بھوبنیشور سے پرکاش داش کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

**WB-WEATHER**

مغربی بنگال کے ساحل پر ہوا کے گہرے دباؤ کا حلقہ مغرب-شمال مغرب میں رفتہ-رفتہ گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال کی سمت بڑھ رہا ہے۔ فی الحال یہ کولکاتہ کے تقریباً 60 کلو میٹر مغرب اور مدنا پور کے 50 کلو میٹر مشرق-شمال مشرق میں مرکوز ہے۔ اس کے زیرِ اثر آج کئی ضلعوں تیز بارش ہونے کا امکان ہے۔ مشرقی اور مغربی مِدناپور، Jhargram، جنوبی چوبیس پرگنہ، پرولیا اور Paschim Bardhaman کیلئے Yellow الرٹ جاری کیا گیا ہے۔
ماہی گیروں کو صلاح دی گئی ہے کہ وہ کل تک سمندر میں نہ جائیں۔ اِدھر شمالی بنگال میں بھی آج جلپائی گُڑی اور علی پور دُوار ضلعے میں تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔×

**JHARKHAND-PROTEST**

جھارکھنڈ میں بھرتی امتحانات میں مبینہ بے ضابطگیوں کے معاملے پر طلباء اور ملازمت کے امیدواروں کا احتجاج آج 21 ویں دن بھی جاری ہے۔ مظاہرین نے اپنا احتجاج ختم کرنے سے انکار کیا ہے اور CBI جانچ اور جھارکھنڈ اسٹاف سلیکشن کمیشن JSSC کے Combined Graduate Level (CGL) امتحان کو منسوخ کرنے کے مطالبے کا اعادہ کیا۔ مظاہرین نے 15 اگست کو ترنگا یاترا نکالنے کا بھی اعلان کیا ہے، تاکہ اس مظاہرے کو مزید مضبوط بنایا جاسکے۔
رانچی کے جے پال سنگھ مُنڈا اسٹیڈیم میں امیدواروں کا دھرنا جاری ہے۔ طلباء کل ایک بڑی ترنگا یاترا نکالیں گے، جس میں ریاست بھر کے ہزاروں نوجوانوں کے اکٹھا ہونے کی توقع ہے۔ یوم آزادی کی تقریبات اور اس بڑے طلباء مظاہرے کے پیش نظر رانچی ضلع انتظامیہ پوری طرح چوکس ہے۔ طلباء کی ترنگا یاترا کے راستے پر اور حساس مقامات پر بڑی تعداد میں پولیس اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے۔×

**CANADIAN OPEN TENNIS**

کینیڈا اوپن ٹینس میں، Elena Rybakina نے Iga Swiatek کو ہرا کر خواتین سنگلز کا ٹائٹل جیت لیا ہے۔ کل رات ٹورنٹو میں کھیلے گئے فائنل میں ساتویں نمبر کی Iga Swiatek نے دوسرے نمبر کی کھلاڑی Elena Rybakina کو چھ-دو اور چھ-تین سے ہرا کر سیزن کا اپنا پہلا ٹائٹل حاصل کیا۔ اس طرح وہ اب پورے اعتماد کے ساتھ یو-ایس اوپن ٹینس میں قدم رکھیں گی۔

اِدھر امریکہ کے Ben Shelton نے مردوں کا سنگلز ٹائٹل جیتا ہے۔ انہوں نے Montreal میں کھیلے گئے فائنل میں اپنے ہموطن Brandon Nakashima کو چھ-تین اور سات-چھ سے شکست دی۔ ×

**FENCING C'SHIP**

بھارت، نائیجیریا کے لاگوس میں منعقدہ دولت مشترکہ فینسنگ چمپئن شپ میں شاندار 35 تمغے جیت کر مجموعی طور پر چمپئن بن کر اُبھرا ہے۔ بھارتی دستے نے اَنڈر-23 اور سینئر مقابلوں میں 13 سونے کے، 8 چاندی کے اور 14 کانسے کے تمغے حاصل کئے ہیں۔ بھارت نے اپنی شاندار کارکردگی کی بدولت Wilkinson Sword Trophy بھی جیت لی ہے، جو مجموعی طور پر بہترین کارکردگی کا مظاہ کرنے والے ملک کو کامن ویلتھ فینسنگ فیڈریشن کی جانب سے اُس ملک کو عطا کی جاتی ہے۔

**IMD-WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے نے آج چھتیس گڑھ میں شدید سے لیکر انتہائی شدید بارش کے امکان کے مدِنظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ اِدھر گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال، ہماچل پردیش، جھارکھنڈ، اُڈیشہ اور اتراکھنڈ میں بھی کہیں کہیں تیز اور کہیں بہت تیز بارش ہونے کے امکان کے تناظر میں اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

موسمیات محکمے نے شمال مشرقی بھارت، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائکل میں بھی گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ جموں و کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفر آباد، کیرالہ، ماہے، مدھیہ پردیش، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکّم میں بھی اسی طرح کا موسم رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ دلّی، مشرقی راجستھان، ہریانہ، چنڈی گڑھ، کونکن، گوا، مدھیہ مہاراشٹر اور پنجاب میں بھی تیز بارش ہونے کا امکان ہے۔ اُدھر انڈمان نکوبار جزائر، آندھرا پردیش اور کرناٹک کے اندورنی علاقوں میں بھی شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔×

**KERALAM-YELOW ALERT**

موسمیات محکمے نے کیرالم کے 6 ضلعوں میں کہیں کہیں موسلا دھار بارش کے امکان کے مدِنظر Yellow الرٹ جاری کیا ہے۔ ریاست کے شمالی ضلعوں میں بارش کا زور کم ہوگیا ہے۔×

**INDIA-LIBERIA**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور Liberia کی اُن کی ہم منصب Sara Beysolow Nyanti نے کل نئی دلّی میں دوطرفہ بات چیت کی۔ انہوں نے ٹیکنالوجی، زراعت، کانکنی، توانائی، تجارت و سرمایہ کاری، تعلیم، صلاحیت سازی اور عوامی

روابط سمیت بھارت-لائبیریا دو طرفہ تعلقات کے پورے منظرنامے کا جائزہ لیا۔ انہوں نے باہمی دلچسپی کے علاقائی اور کثیر جہتی معاملات پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔

ڈاکٹر جے شنکر نے کہا نئی دلّی میں لائبیریا کے سفارتخانے کے افتتاح کیلئے لائبیریا کی وزیر خارجہ کو مبارکباد پیش کی۔ دونوں وزراء نے امن، ترقی اور عالمی خطہ جنوب کی مضبوط آواز کو آگے لے جانے کی خاطر مختلف فورموں میں تعاون کو مضبوط کرنے پر بھی بات چیت کی۔ اِس تناظر میں انہوں نے اقوام متحدہ کی اصلاح شدہ سلامتی کونسل سمیت اصلاح شدہ کثیر جہتی نظام کی اہمیت کے بارے میں بھی بات چیت کی۔×

## VIJAYWADA VARANASI FLIGHT

شہری ہوا بازی کے وزیر K رام موہن نائڈو نے کل وجے واڑہ اور وارانسی کے درمیان براہِ راست فضائی کنیکٹیوٹی کا آغاز کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، جناب نائڈو نے کہا کہ اس پہل سے پوتر مقامات شری کنک درگا امّا اور بابا کاسی وشوناتھ کے درمیان سفر اور سیاحت کو فروغ ملے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے الّوری سیتارام راجو Bhogapuram ہوائی اڈے کے افتتاح کے بعد اب وجے واڑہ Rajahmundry اور Kapada ہوائی اڈے کے نئے ٹرمنلوں میں کام بھی جلد پورا ہو جائے گا۔×

## VIRENDRA KUMAR-NCSC

سماجی انصاف اور تفویض اختیارات کے مرکزی وزیر ڈاکٹر وریندر کمار آج نئی دلّی میں بزرگ شہریوں کی قومی کونسل کی پانچویں میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ میٹنگ کے دوران کونسل بزرگ شہریوں سے متعلق اہم معاملات کا جائزہ لے گی۔ وزارت کا کہنا ہے کہ اس بات چیت سے بین وزارتی ہم آہنگی اور بزرگ شہریوں کیلئے وقار، سلامتی، شمولیت اور بہبود کی حامل زندگی کو یقینی بنانے کے تئیں حکومت کا عزم مزید مضبوط ہونے کی امید ہے۔×

## SHEKHAWAT PARTITION DAY

سیاحت اور ثقافت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے ملک کی تقسیم کی ہولناکی کو یاد کرنے کے دن سے قبل کل نئی دلّی میں ایک پروگرام میں شرکت کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب شیخاوت نے اُن لوگوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا، جنہیں ملک کی تقسیم کی ہولناکی کی مشکلات سے گزرنا پڑا۔ وزیر موصوف نے کہا کہ سرکار ملک کی تاریخ کو یاد رکھتے ہوئے، ملک کے اتحاد، سالمیت اور سماجی ہم آہنگی کو لگاتار مستحکم بنانے کے تئیں عہد بند ہے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... کونین حیدر

شکریہ - نتیکا تیاگی

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے پارلیمنٹ کے مانسون اجلاس کے آخری دن سے متعلق خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ انقلاب کی اس حوالے سے شہ سرخی ہے: مانسون اجلاس ہنگامہ کی نذر، غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی۔ نیٹ پیپر لیک معاملہ چھایا رہا۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی جانب سے ملک کے معزز فنکاروں کو سال 2024 اور 2025 کیلئے سنگیت ناٹک اکادمی فیلو شپ اور ایوارڈس تفویض کیے جانے سے متعلق خبر کو اخبارات نے اہمیت کے ساتھ پہلے صفحۂ پر جگہ دی ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے اس دوران دیے صدر جمہوریہ کے اس بیان کو شہ سرخی بنایا ہے کہ ایوارڈ حاصل کرنے والے فنکار مل کر ملک کا ایک ایسا ثقافتی نقشہ پیش کرتے ہیں، جس میں ملک کی مٹی کی کہانیاں اور گیت جڑے ہیں۔ روزنامہ انقلاب نے کل یومِ آزادی سے متعلق اس خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے کہ : ''دلّی میں ہائی الرٹ، سکیورٹی کے غیر معمولی انتظامات - لال قلعہ پر فل ڈریس ریہرسل مکمل''۔ روزنامہ پرتاپ کی شہ سرخی ہے کہ : ''اردو اور دلّی اکیڈمی، دلّی کے زیرِ اہتمام، ہر گھر ترنگا'' کے تحت پرچم کشائی اور ثقافتی تقریب۔

اخبارات میں شائع ہونے والی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں۔

☆ ایبولا وائرس اسی رفتار سے پھیلتا رہا تو یہ تاریخ کی مہلک ترین وبا ثابت ہو سکتی ہے: عالمی ادارہ صحت

☆ عراق ہمسایہ ممالک پر حملوں کیلئے اپنی سرزمین یا فضائی حدود استعمال نہیں ہونے دے گا: وزیر اعظم۔×

آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 80 ویں یومِ آزادی سے قبل آج شام ملک کے لوگوں سے خطاب کریں گی۔

2- آج ملک کی تقسیم کی ہولناکی کی یاد کا دن منایا جا رہا ہے۔

3- دلّی سرکار نے، فائر سروسز اور جیل محکمے میں سابق اگنی ویروں کیلئے 20 فیصد کوٹے کی منظوری دی ہے اور عمر کی حد میں رعایت دی گئی ہے۔

4- اتراکھنڈ کے چمولی ضلع میں، زیرِ تعمیر ٹنل میں پانی کے رساؤ اور چٹانوں کے ٹکڑے گرنے کے واقعے میں 7 کارکنوں کی موت ہو گئی، جبکہ 14 زخمی ہوئے۔

5- اور کینیڈا اوپن ٹینس میں، **Iga Swiatek** نے **Elena Rybakina** کو ہراکرخواتین سنگلز کا ٹائٹل جیت لیا ہے۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

-----------------------------------------